## 2. بنیادی کام(Core Activities):۔

### 2.1 اجازت/منسوخ:۔

2.1.1. روحانی علاج کا بستہ شروع کرنے سے پہلے کم از کم 3 دن کا روحانی علاج کورس کرنا لازمی ہے۔

2.1.2. روحانی علاج کورس کرنے کے لیے تحصیل/سب تحصیل نگران کی تحریری اجازت ضروری ہے جبکہ منسوخی صوبائی ذمہ دار کی باہمی مشاورت واجازت سے کی جائے گی۔

### 2.2 روحانی علاج کے بستے لگوانا:۔

2.2.1. شہروں کی لسٹ بنانا اور جن یوسی (یونین کونسل) میں ابھی تک روحانی علاج کے بستوں کا آغاز نہیں ہوا ایسے مقامات پر نئے بستے لگانا۔

2.2.2. روحانی علاج کا بستہ متعلقہ نگران کی مشاورت سے فیضان مدینہ (مدنی مراکز) اور مساجد (جہاں دارالافتاء اہلسنت کی طرف سے اجازت ہو) میں شروع کروانا۔

**نوٹ:** بستہ ذمہ دار کو گھر، دکان یا چلتے پھرتے تعویذات دینے کی اجازت (Permission) نہیں؛ ہاں البتہ اورادِ عطاریہ بتانے میں حرج نہیں۔

### 2.3 بستے کا مقام:۔

2.3.1. حتی الامکان روحانی علاج کے بستے کا مقام تبدیل نہ کیا جائے اگر ضرورتاً تبدیل کرنا پڑے تو ڈویژن ذمہ دار و تحصیل/ٹاؤن نگران کی اجازت سے کریں۔

### 2.4 دعائے شفاء اجتماع:۔

2.4.1. متعلقہ تحصیل/ٹاؤن نگران، ڈسٹرکٹ نگران کے مشورے اور اجازت سے وقتاً فوقتاً دُعائے شفاء اجتماع کے ذریعے دُکھیاری اُمّت کی غمگساری کی جائے نیز دعوتِ اسلامی کے دیگر شعبہ جات میں بھی دعائے شفاء اجتماع کروانا۔

**نوٹ: دعائے شفاء اجتماع:** ہر 3 ماہ میں فی ڈسٹرکٹ مقام بدل کر 1 دعائے شفاء اجتماع کرنا طے ہے۔

### 2.5 تشہیر:۔

2.5.1. نگران تحصیل/سب تحصیل یا یوسی مشاورت کو روحانی علاج کے بستوں کے مقامات سے آگاہ رکھنا، ہر چوتھے ہفتے پاکستان مشاورت آفس سے بستوں کی تشہیر (Advertisement) کے لئے ہفتہ وار اجتماع میں اعلان (Announcement) کروانا۔

2.5.2. آن لائن روحانی علاج اینڈ استخارہ موبائل ایپلیکیشن ڈاؤنلوڈ کرنا اور اس کو عام کرنا۔

### 2.6 بستہ ذمہ داران:۔

2.6.1. بستہ لگانے والے ذمہ داران بستوں پر کسی سے ذاتی لین دین/تحفہ وغیرہ نہ لیں نیز بستوں کے اوقات کار کے علاوہ بھی تہمت لگنے والے کاموں سے بچیں۔

2.6.2. بستے پر آنے والے عاشقانِ رسول کی بھرپور خیر خواہی کریں، اگر وہ بیماری، پریشانی یا فوتگی کا ذکر کریں تو عیادت و تعزیت کریں اور اگر کوئی خوشی کی بات بتائے تو اسے مبارکباد دیں نیز مطلوبہ تعویذات و اوراد و وظائف پیش کریں۔

**نوٹ:** شعبہ روحانی علاج کے کسی بھی ذمہ دار کو اپنی طرف سے مکتوب، تعویذات اور اورادِ عطاریہ میں کسی قسم کی کمی بیشی کرنے کی اجازت نہیں۔

### 2.7 بستے کا سامان:۔

2.7.1. اوراد عطاریہ و دیگر طباعت (Printing) کے اخراجات متعلقہ ڈسٹرکٹ سے کریں نیز طباعت (Printing) سے پہلے روحانی علاج ہیڈ آفس رابطہ کریں۔

2.7.2. ملک بھر میں لگنے والے روحانی علاج کے بستوں پر سامان (اوراد و وظائف پیڈ، تشہیری گتے، بینرز، زکاۃ پیڈ اور دیگر اشیاء وغیرہ) مکمل رکھنا۔

Pakistan Mushawrat Office (Dawateislami)

